مشترکہ طور پر، ڈی سی لائسینس عمل کی ایک ہدایت

بنیادی امور: ڈسٹرکٹ میں کاروبار شروع کرنے کے لئے ایک آسان رہنماء

MOAPIA
MAYOR'S OFFICE ON

DEPARTMENT OF CONSUMER & REGULATORY AFFAIRS

WE ARE WASHINGTON DC
GOVERNMENT OF THE DISTRICT OF COLUMBIA
MURIEL BOWSER, MAYOR

1. کاروبار کی رجسٹریشن
2. آجر کا شناختی نمبر (ای آئی این)
3. رہائشی سرٹفکیٹ (سی آر اے 5-)
4. ڈی سی بزنس ٹیکس کا شناختی نمبر
5. رجسٹریشن کا توثیق نامہ
6. کلین ہینڈز سرٹفکیٹ
7. بیسک بزنس لائسینس (بی بی ایل)
8. کاروبار کا تجارتی نام

کیا آپ جس کاروبار کو شروع کرنا چاہتے ہیں، اس کا نام پہلے سے جانتے ہیں؟

اگر ہاں، تو براہِ کرم مرحلہ وار ہدایات بشمول درکار فارموں اور فیس کی معلومات کے لئے ‘‘ڈائریکٹری برائے بزنس لائسنس کے زمرے’’ کا مطالعہ کریں۔

ڈی سی آر اے کا بزنس لائسینسنگ ڈویژن کاروباری لائسنسوں کی ایک ڈائریکٹری کی پیش کش کرتا ہے۔ براہِ کرم dcra.dc.gov/node/514522 پر ہمارے ویب سائٹ کا دورہ کریں اور اپنے کاروبار کےمخصوص زمرے پر کِلک کریں۔

1 کاروبار کا رجسٹریشن



اس کارروائی کا پہلا مرحلہ کاروبار کا رجسٹریشن ہے۔ اس رجسٹرریشن کو کسی کاروباری ادارہ کی طرف سے کسی کاروباری لائسینس، اجازت نامہ، ٹیکس رجسٹریشن یا ڈسٹرکٹ کے اندر دیگر کسی رجسٹریشن کے لئےدرخواست دینے سے پہلے انجام دینا ہوگا۔ ڈی سی آر اے کا کارپوریشنس ڈویژن، یہ خدمت فراہم کرتا ہے۔

ڈی سی آر اے کا کارپوریشنس ڈویژن، ڈسٹرکٹ میں کاروبار انجام دینے والے تمام کاروباری اداروں دیسی (ڈی سی) یا غیردیسی (نان- ڈسٹرکٹ) کو رجسٹر کرتا ہے۔

اگر آپ ایک غیر منفعتی یا منفعتی کارپوریشن، محدود ذمہ داری کمپنی، محدود شراکت داری، محدودذمہ داری کی شراکت داری، عمومی کو-آپریٹیو اسو سی ایشن، محدود کو-آپریٹیو ایسوسی ایشن یا اسٹیٹری ٹرسٹ چلانا چاہتے ہیں تو آپ کو ڈی سی آر اے کے کارپوریشن ڈویژن کے ساتھ رجسٹر کرنا ہوگا۔

یہ کارپوریشنس ڈویژن ڈسٹرکٹ آف کولمبیا میں کاروبار انجام دینے والے تمام کاروباری اداروں دیسی (ڈی سی) یا غیردیسی (نان ڈسٹرکٹ) کو رجسٹر کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں: dcra.dc.gov/service/corporate-registration

سول پروپرائیٹر، عمومی شراکت داری، ان انکارپوریٹڈ غیر منفعتی ایسوسی ایشن یا دیگرکسی قسم کا مخصوص اداروں کےسوا، دیگر تمام کاروباری اداروں کوکارپوریٹ ڈویژن کے ذریعہ کاروبار کے رجسٹریشن کے عمل سے گزرنا لازمی ہے۔

فائل کرنے کا طریقہ

آن لائن کے ذریعہ

corp.dcra.dc.gov پر ڈی سی آر اے کارپوریشن ڈویژن کے ویب سائٹ (CorpOnline) پر جائیں، ایک پروفائل تخلیق کریں، آن لائن خدمات کے اصل صفحہ تک رسائی حاصل کریں اور آگے بڑھیں۔ آن لائن فائل کرنے والوں کو کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ ادائیگی کرنی ہوگی۔ فائلنگ کو جمع کرنے کے بعد، آخری توثیقی صفحہ کو اپنے ریکارڈز کے لئے پرنٹ کریں۔

دفتر کا دورہ

ڈی سی آر اے (1100 فورتھ اسٹریٹ، ایس ڈبلیو) کی دوسری منزل پر بزنس لائسینسنگ سینٹر کا دورہ کریں۔

بذریعہ ڈاک

تمام مطلوبات بشمول فیس کو بذریعہ ڈاک جمع کریں۔ آپ "DC Treasurer" کو قابل ادا کسی چیک یا منی آرڈر کے ذریعہ ادائیگی کر سکتے ہیں۔

یو ایس پوسٹل سروس کے ذریعہ بھیجنے کے لئےڈاک کا پتہ:

Department of Consumer and Regulatory Affairs
Business Licensing Division
P.O. Box 91360
Washington, DC 20090

یو ایس پوسٹل سروس کے علاوہ دیگر ڈاک خدمات(ای پی ایس، ڈی ایچ ایل، فیڈیکس وغیرہ) کے ذریعہ بھیجنے کے لئے ڈاک کا پتہ

Wells Fargo Bank
ATTN: DC Government Wholesale
Lockbox 91360
Columbia Gateway Drive 7175
Columbia, MD 21046

بنیادی امور: ڈسٹرکٹ میں کاروبار شروع کرنے کے لئے ایک آسان رہنماء

دفتر کا دورہ کرنے والے گاہکوں سے ایک دن کی خدمات کے لئے، تیزی خدمات والی فیس 100 ڈالر اور تین دنوں کی خدمات کے لئے 50 ڈالر معمول کی فائلنگ فیس کے علاوہ زائد وصول کی جائے گی۔

بزنس لائسینس سینٹر میں امیریکن ایکسپریس کو قبول نہیں کیا جاتا۔

2 آجر کا شناختی نمبر (ای آئی این)



ای آئی این (جس کو ٹیکس شناختی نمبر (ٹی آئی این) بھی کہا جاتا ہے)، ایک نو-عددی نمبر ہے، جس کو انٹرنل ریوینیو سروس(آئی آر ایس) کے ذریعہ تفویض کیا جاتا ہے۔ آئی آر ایس کاروباری ٹیکس دہندگان کی شناخت کے لئے اس نمبر کو استعمال کرتا ہے، جنہیں مختلف ٹیکس ریٹرنس فائل کرنا ہوتا ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ

بذریعہ ڈاک

آئی آر ایس IRS Form SS-4 (ای آئی این کے لئے درخواست فارم) کی تکمیل کریں اور اس کودرج ذیل پتہ پر بھیجیں:

Internal Revenue Service
Attn: EIN Operation
Cincinnati, OH 45999

نوٹ: SS-4 Form فارم www.irs.gov/pub/irs-pdf/fss4.pdf پر دستیاب ہے یا مقامی آئی آر ایس اینڈ سوشل سیکیوریٹی ایڈمنسٹریشن دفاتر میں دستیاب ہے۔

آن لائن

http://www.irs.gov/Businesses/Small-Businesses-&-Self-Employed/Employer-ID-Numbers-EINs پر جائیں اور" Start a Business" منتخب کریں۔

فیکس

آئی آر ایس IRS Form SS-4 (ای آئی این کے لئے درخواست فارم) کی تکمیل کریں ااور اس کو 669-5760 (859) پر فیکس کریں۔

3 رہائشی سرٹفکیٹ (سی آر اے 5-)

رہائشی سرٹفکیٹ (سی آف او) یا گھر پر قبضہ کا اجازت نامہ اس بات کے اظہار کے لئے درکار ہے کہ آپ کا کاروبار ایک ایسی عمارت میں چل رہا ہے، جو اس کے مطلوبہ استعمال کی عمارتی اور علاقائی ضابطہ کی مطابقت کرتا ہے۔

اگر آپ ایک ایسی عمارت میں کوئی جگہ لیز پر لے رہے ہیں جس کے لئے پہلے سے سی آف او لیا گیا ہے تو آپ کو کسی نئے سی آف او کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، اگر جائیداد کے مالک کے ذریعہ حاصل کردہ سی آف او آپ کے کاروبارسے متعلق نہیں ہے تو آپ کو ایک علیحدہ سی آف او حاصل کرنا پڑے گا۔ اس لئے، لیز کے معاہدہ کی تکمیل کے وقت، جائیداد کے مالک سے سی آف او کے متعلق دریافت کرنا اہم ہے۔ طریقہ کار، چیک لسٹ، درخواست فارمز اور دیگر فارمز سے متعلق مزید تفصیلات کے لئے،براہِ کرم dcra.dc.gov/service/zoning-certificates-occupancy پر وِزٹ کریں یا 442-4576 (202) نمبر پر آفس آف زوننگ ایڈمنسٹریٹر کو کال کریں۔

اگر آپ اپنی رہائش گاہ کو اپنے کاروبار کے بنیادی جگہ کے طور پر استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو سی آف او کے بجائے، ایک ہوم اکیوپیشن پرمِٹ (ایچ او پی) کے لئے فائل کرنا ہوگا۔ براہِ کرم وزِٹ کریں: dcra.dc.gov/service/get-home-occupation-permit



فائل کرنے کا طریقہ

صرف دورہ کے لئے

سی آف او درخواست فارم مکمل کریں اور اس کو ڈی سی آر اے کے پرمٹ سینٹر میں جمع کریں جو 1100 فورتھ اسٹریٹ ایس ڈبلیو، سکینڈ فلور پر واقع ہے۔

درخواست فارم سائٹ پر یا درج ذیل پر دستیاب ہے: dcra.dc.gov/node/532452

ڈی سی بزنس ٹیکس ائیڈنٹیفکیشن (آئی ڈی) نمبر ڈی سی آفس آف ٹیکس اینڈ ریوینیو (او ٹی آر) کی طرف سے تفویض کیا جاتا ہے۔ ڈی سی بزنس ٹیکس آئی ڈی نمبر حاصل کرنے کے لئے، آپ کو FR-500 Form (فارم) فائل کرنا ہوگا، جو کہ ایک ڈی سی کمبائینڈ ٹیکس رجسٹریشن ڈاکیومنٹ ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ

آن لائن

www.taxpayerservicecenter.com/fr500 پر جائیں اور آن لائن درخواست دیں۔

دفتر کا دورہ

ڈی سی آفس آف ٹیکس اینڈ ریوینیو (او ٹی آر)پر کسٹمر سروس سینٹر کا دورہ کریں اور FR-500 Form (فارم) جمع کریں۔ فارمز www.taxpayerservicecenter.com/fr500_paper.pdf پر دستیاب ہیں یا آپ کسٹمر سروس سینٹر پر اس کو طلب کر سکتے ہیں۔

کسٹمر سروس سینٹر
Office of Tax and Revenue (OTR)
4th Street, SW, Suite W270 1101
Washington, DC 20024
فون: (202) 727- 4TAX (727- 4829)
فیکس: (202) 442-6890

دفتری اوقات: پیر تا جمعہ، صبح 8 بجکر 15 منٹ تا شام 5 بجکر 30 منٹ

4 ڈی سی بزنس ٹیکس کا شناختی نمبر

کلین ہینڈز سرٹفکیٹ ایک افیڈیویٹ ہے، جس میں اس بات کا بیان ہوتا ہے کہ آپ 100 ڈالر سے زائد رقم ڈسٹرکٹ گورنمنٹ واجب الادا نہیں ہیں۔ اگر آپ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو 100 ڈالر سے زائد کی رقم آپ کے ذِمہ ہے تو آپ کو آگے بڑھنے سے پہلے واجب الادا رقم کی ادائیگی کے معاملہ کو سلجھانا ہوگا۔

کلین ہینڈز سرٹفکیٹ کو لائسنس یا اجازت نامہ کی درخواست بشمول بیسک بزنس لائسنس کی درخواست کے ساتھ جمع کرنا ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے وِزٹ کریں: dcra.dc.gov/service/basic-business-licensing-bbl-forms

آپ کے ذریعہ FR -500 فائل کئے جانے کے بعد آپ کو آفس آف دی ٹیکس اینڈ ریوینیو سے رجسٹریشن کا سرٹفکیٹ موصول ہوگا۔

جمع کرنے کا طریقہ

کلین ہینڈز سرٹفکیٹ فارم کو بیسک بزنس لائسنس میں پایا جا سکتا ہے (ملاحظہ کریں مرحلہ 7") اپلیکیشن پکیٹ۔

کلین ہینڈز سرٹفکیٹ dcra.dc.gov/node/530732. پر دستیاب ہے۔

5 رجسٹریشن کا توثیق نامہ

6 کلین ہینڈز سرٹفکیٹ

تمام کمپنیوں اور اشخاص کے لئے بیسک بزنس لائسینس (بی بی ایل) رکھنا ضروری نہیں۔ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ ڈسٹرکٹ میں کس قسم کا کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔:

1. قابل اطلاق کاروباری زمرے کا پتہ چلانے کے لئے ڈائریکٹری کا جائزہ لیں اور لائسینس یو کے لئے لائسینس جاری کئے جانے کے لئے درج ذیل مطلوبات کا تعین کریں: dcra.dc.gov/node/514522

2. اگر آپ کے پاس بی بی ایل موجود ہونا ضروری ہے تو، براہِ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے بی بی ایل کی درخواست سے پہلے تمام بنیادی شرائط کو تکمیل کی ہے۔ بنیادی شرائط اس بات پر منحصر ہیں کہ آپ کا کاروبار کس قسم کا ہے، لیکن بنیادی طور پر اس میں مرحلہ 1 تا 6 شامل ہیں۔

3. بی بی ایل فارمز dcra.dc.gov/service/basic-business-licensing-bbl-forms پر دستیاب ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ

بذریعہ ڈاک

تمام مطلوبات بشمول فیس کو بذریعہ ڈاک جمع کریں۔ آپ "DC Treasurer" کو قابل ادا کسی چیک یا منی آرڈر کے ذریعہ ادائیگی کر سکتے ہیں۔

یو ایس پوسٹل سروس کے ذریعہ بھیجنے کے لئےڈاک کا پتہ:

Department of Consumer and Regulatory Affairs
Business Licensing Division
P.O. Box 91360
Washington, DC 20090

یو ایس پوسٹل سروس کے علاوہ دیگر ڈاک خدمات
(ای پی ایس، ڈی ایچ ایل، فیڈیکس وغیرہ) کے ذریعہ بھیجنے کے لئے ڈاک کا پتہ

Wells Fargo Bank
ATTN: DC Government Wholesale Lockbox 91360
Columbia Gateway Drive 7175
Columbia, MD 21046

آن لائن

wcpms.dcra.dc.gov/OSUBI/Default.aspx پر جائیں اور آن لائن درخواست دیں۔ آپ کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈوں کے ذریعہ ادائیگی کر سکتے ہیں۔

دفتر کا دورہ

نقد، چیک، منی آرڈر یا بڑے کریڈٹ /ڈیبٹ کارڈ کے ساتھ ڈی سی آر اے بزنس لائسینس سینٹر کا شخصی طور پر دورہ کرتے ہوئے بیسک بزنس لائسنس کے لئے درخواست دیں۔ کسی اپائنٹمنٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ درخواستیں، پہلے آئیں، پہلے پائیں کی بنیاد پرگزاری جاتی ہیں۔

ڈی سی آر اے بزنس لائسینس سینٹر
1100 فورتھ اسٹریٹ ایس ڈبلیو، سکینڈ فلور، واشنگٹن، ڈی سی 20024

نوٹ: بذریعہ ڈاک جمع کی جانے والی بیسک لائسینسوں کے لئے30 سے زائد کاروباری دن لگ سکتے ہیں۔ براہِ کرم، تیزترین عمل درآمد کے لئے آن لائن طور پر درخواست کرنے پرتوجہ دیں۔

7 بیسک بزنس لائسینس (بی بی ایل)



کاروبار کا تجارتی نام کاروبار میں استعمال کیا جانے والا کوئی ایسا نام ہے، جس میں کاروبار کا مکمل قانونی نام شامل نہ ہو۔ آپ کا تجارتی نام آپ کے کارپوریٹ نام سے مختلف ہے؛ آپ کے کاروبار کا صرف ایک ہی کارپوریٹ نام ہو سکتا ہے، لیکن تجارتی نام آپ جتنے چاہے رکھ سکتے ہیں۔

کاروباری تجارتی نام کاروباروں کو، تاجروں کے ساتھ کاروبار منعقد کرنے میں، بشمول تاجروں اور مالیاتی اداروں کے ساتھ لین دین کرتے ہوئے فرضی نام (تخلیق کردہ الفاظ اور نام) استعمال کرنے میں مدد دیتا ہے۔

ایک کاروباری تجارتی نام کا رکھنا لازمی نہیں ہے۔ تاہم، اگر کوئی تجارتی نام استعمال کیا جا رہا ہو اور آپ کوئی قانونی کارروائی کرنا چاہتے ہیں تو اس صورت میں رجسٹریشن درکار ہے۔

رجسٹر کرنے کا طریقہ

بذریعہ ڈاک:

تمام مطلوبات بشمول فیس کو بذریعہ ڈاک جمع کریں۔ آپ "DC Treasurer" کو قابل ادا کسی چیک یا منی آرڈر کے ذریعہ ادائیگی کر سکتے ہیں۔

یو ایس پوسٹل سروس کے ذریعہ بھیجنے کے لئےڈاک کا پتہ:

Department of Consumer and Regulatory Affairs
Business Licensing Division
P.O. Box 91360
Washington, DC 20090

یو ایس پوسٹل سروس کے علاوہ دیگر ڈاک خدمات (ای پی ایس، ڈی ایچ ایل فیڈیکس وغیرہ) کے ذریعہ بھیجنے کے لئے ڈاک کا پتہ:

Wells Fargo Bank
ATTN: DC Government Wholesale Lockbox 91360
Columbia Gateway Drive 7175
Columbia, MD 21046

آن لائن

1) corp.dcra.dc.gov پر جائیں اور لاگ اِن کرنے کے لئے ایک اکاونٹ تخلیق کریں۔
2) لاگ اِن کرنے کے بعد، تجارتی نام کے رجسٹریشن فارم (TN-1) کو تلاش کریں اور رجسٹر کریں۔
3) فیس کو کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ ادا کرنا ہوگا۔

دورہ

ڈی سی آر اے بزنس لائسینس سینٹر
1100 فورتھ اسٹریٹ ایس ڈبلیو، سکینڈ فلور، واشنگٹن، ڈی سی 20024

نوٹ: بزنس لائسینس سینٹر میں امیریکن ایکسپریس کو قبول نہیں کیا جاتا۔

.

8 کاروبار کا تجارتی نام

دیگر لائسینس اور اجازت نامے

1 عمارت کے پرمٹس



2 عمارت کے خاکے



3 عمومی جگہ کا اجازت نامہ

4 تجارتی اجازت نامہ

5 معائنے

کاروبار اور مقامات کے اعتبار سے لائسینس اور اجازت نامے مختلف ہوتے ہیں جنھیں آپ کو حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اگر آپ کو آپ کے عمل کے حوالے سے شخصی طور پر تکنیکی مدد کی ضرورت ہو، تو براہ کرم چھوٹے کاروبار کے وسائل مراکز (SBRC) پر تشریف لے جائیں

چھوٹے کاروبار کے وسائل کا مرکز
کنزیومر اور ریگولیٹری افیئرز سیکشن
1100 کے 4 th سٹریٹ SW، 2nd فلور واشنگٹن، ڈی سی 20024
(202) 442-8170

نوٹ: خدمات صرف مقررہ ملاقات کے تحت فراہم کی جاتی ہیں

1 عمارت کے پرمٹس

قانون کی رو سے ضلع میں تعمیراتی کام کرنے کے لئےآپ کو ایک اجازت نامہ حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے. خواہ آپ کوئی عمارت بنا رہے ہوں، منہدم کر رہے ہوں، مرمت کر رہے ہوں یا اپنی بلڈنگ، گھر یا کاروبار کی جگہ تبدیل کر رہےہوں۔ اگر آپ کام نہیں کر رہے ہیں لیکن ایک عمارت یا جگہ کے استعمال کو تبدیل کر رہے ہیں، تو آپ کو ایک عمارت کا پرمٹ حاصل کرنا ہوگا۔

آپ کو پرمٹ کی ضرورت ہے:

- نئی عمارت بنانے اور بنیاد یں ڈالنے کیلئے؛
- اضافے، تبدیلیاں، یا موجودہ عمارتوں کی مرمت کیلئے؛
- منہدم (مسمار) کرنے اور اندرونی یا جزوی انہدام کیلئے؛
- علامات و سائبان کھڑا کرنے کیلئے؛
- نئے یا موجودہ کاروباری عمارتوں میں کرایہ داروں کے لئے اندرونی جگہ کا لے آؤٹ بنانے کیلئے؛
- استعمال کی تبدیلی کیلئے.

کیسے اپلائی کریں

نوٹ: دوسری ایجنسیاں (مثال کے طور پر محکمہ صحت ، نقل و حمل پانی اور سیور اتھارٹی کے ضلع سیکشن) اجازت دینے کے کام کرتی ہیں اور ان کے اپنے متعلقہ منظوری ضروریات ہیں . اگر آپ کو مزید مدد کی ضرورت ہے، یا آپ کے پاس متعدد اجازت نامے ہیں تو، 9292-478 (202) پر DCRA کی پرمٹ بلڈنگ کسٹمر سروس سیکشن سے رابطہ کریں.

براہ راست تشریف لاکر

DCRA پرمٹ سروس سینٹر
1100 فورتھ اسٹریٹ، SW، دوسری منزل،
واشنگٹن، DC 20024

تجاویز

آپ cpms.dcra.dc.gov/OCPI/PermitMenu.aspx پر آن لائن آپ درخواست دے سکتے ہیں. اس وقت عمل میں تیزی پیدا ہو جائے گی جب آپ پرمٹ سنٹر تک رسائی حاصل کر لیں گے. آن لائن فارم بھرنے کے بعد، براہ کرم اسکا پرنٹ نکالیں اور مطلوبہ دستخط حاصل کریں. اور اپنی منصوبہ ساز ڈرائنگ اور دوسرے حمایتی دستاویز کے ساتھ تکمیل شدہ درخواست پروسیسنگ کے لئے DCRA لے کر جائیں.

2 عمارت کے خاکے

عمارت کا نقشہ ایک ایسا خاکہ ہے جو تمام جائیداد کی لائنوں کے محل وقوع کو دکھلاتا ہے اور بنیادی طور پر تمام اضافوں اور جدید عمارتوں کے لیے ضروری ہے. اگر آپ اپنی جائداد پر خارجی کام کرانے کے لئے ایک بلڈنگ پرمٹ کے لئے درخواست دیتے ہیں، جیسے کوئی اضافہ کرنا یا ڈیک تعمیر کرانا آپ کیلئے بلڈنگ کے خاکے میں ان کو شامل کرنا لازمی ہے.

خاکوں میں ضرورت ہے:

- جدید عمارتیں اور اضافے کا نقشہ
- حفاظتی دیواریں اور باڑ
- شیڈ اور گیراج
- سائبان



کیسے اپلائی کریں

براہ راست تشریف لاکر

DCRA کے سروے دفتر تشریف لاکر اپلائی کریں.
پرمٹ آپریشنز ڈویژن سروے یر دفتر
1100 فورتھ اسٹریٹ، SW، تیسری فلور، واشنگٹن، DC 20024

آن لائن

سائٹ aca.dcra.dc.gov/dcracitizenaccess پر جائیں ا ور بلڈنگ کا خاکہ اپلائی کرنے کیلئے لاگ ان کرین.

3 عمومی جگہ کا اجازت نامہ

عمارت یا جائیداد کی لائن اور فٹ پاتھ کے مابین عوامی جگہ کا استعمال یا اس پر ڈھانچہ نصب کرنے کیلئے عمومی جگہ کا اجازت نامہ ضروری ہے.

- عوامی جگہ پر کچرا ڈالنا
- فٹ پاتھ کی تعمیر اور مرمت
- فٹ پاتھ کیفے
- فرنٹ صحن
- پرچمی کھمبے، باگان خانے، عوامی جگہ پر حفاظتی دیواریں اور باڑ

سوالات؟ DDOT کی پبلک اسپیس ریگولیشن ایڈمنسٹریشن کو کال کریں (PSRA) 442-4670 (202)



کیسے اپلائی کریں

براہ راست تشریف لاکر

DC ٹرانسپورٹیشن سیکشن پرمٹ دفتر جاکر (DDOT).
DDOT پرمٹ دفتر - اجازت سینٹر
1100 فورتھ اسٹریٹ، WS، دوسری فلور، واشنگٹن، DC 20024

آن لائن

tops.ddot.dc.gov پر جائیں اور ایک عوامی جگہ پرمٹ کے لئے درخواست دینے میں لاگ ان کریں . لئے لاگ ان کریں.

4 تجارتی اجازت نامہ

5 معائنے



جبکہ اجازت نامہ جاری کر دیا جاتا ہے اور تعمیراتی کام شروع ہو جاتا ہے DCRA یا منظور شدہ تیسری پارٹی کے معاینہ کاراس بات کی توثیق کرنے کے لئے معائنہ کرتے ہیں کہ کام لاگو کوڈ، قواعد و ضوابط اور محولہ معیار کے مطابق ہے اور منظورشدہ تعمیری دستاویزات کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔ حتمی معائنے کی منظوری قبضہ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے کی ضروری ہے.

لائسنس یافتہ ٹھیکیداروں کو مندرجہ ذیل چیزوں کو نصب کرنے کے لئے ٹریڈ پرمٹ درخواست مکمل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے:

- نظام HVAC پلمبنگ اثبات و تنصیب
- بجلی کی وائرنگ، خدمات اور اثبات
- فائر الارم اور چھڑکاو کے نظام

ذیلی ٹھیکیدار کے تجارت پرمٹ کے لئے درخواست دینے سے پہلے آپ کو ایک عمارت پرمٹ لینےکی ضرورت پڑیگی (1.عمارت پرمٹ دیکھیں). براہ راست آنے پر سادہ منصوبوں کے لئے کاؤنٹر پر ہی آدھے گھنٹے میں پرمٹ جاری کی جا سکتی ہے جبکہ زیادہ پیچیدہ منصوبوں کی درجہ بندی "فائل روزگار" کے طور پر کی گئی ہے اور جائزے کی تکمیل کے لئے 14 سے 30 دن کی ضرورت پڑ سکتی ہے.



نشیلے مشروبات کی روک تھام کرنے والے لائسنس

نشیلے مشروبات کیلئے ضابطہ جاتی نظام ریگولیشن ایڈمنسٹریشن (Abra) ، ایک آزاد ڈی سی سرکاری ایجنسی کے طور پر، اہل درخواست دہندگان کے لئے نشیلے مشروبات پیش کرنے یا فروخت کرنے کا لا ئسنس جاری ؛کرتی ہے.

نشیلے مشروبات کی روک تھام کرنے والے (ABC) لائسنس کی کئی اقسام ہیں. لائسنس کے تقاضے اسٹیبلشمنٹ کی قسم کے مطابق بہت مختلف ہوتے ہیں. لہذا، ہم آپ کو ایک Abra کے نمائندہ کے ساتھ تبادلہ خیال کا مشورہ دیتے ہیں:

- ضرورت کے مطابق درخواست لائسنس کی اقسام تعیین کرنے کیلئے جس طرح اسٹیبلشمنٹ کی مجوزہ سرگرمیوں کی طرف سے کی گئ ہے
- اپنے محل وقوع پریہ یقینی بنانے کیلئے بات چیت کرنا کہ لائسنس آپ کے علاقہ کیئے موجودہ ABC لائسنس مہلت کی طرف سے ممنوع نہیں ہے.

ABC لائسنس بھرنے کا سلسلہ وار عمل

لائسنس کی درخواست کی اقسام اور مقام کا تعین کرنے کے لئے Abra کے نمائندے سے مشورہ کریں.

ٹیکس اور ریونیو کے دفتر میں ایک ڈی سی کاروبار ٹیکس فائل نمبر بنوائیں.

مطلوبہ درخواست / درخواستیں جمع کریں

45 دن اشتہاری مدت کا انتظار کیجئے

مزید برآں، ABC بورڈ کو درخواست گزار کے مجرمانہ تاریخی ریکارڈ سمیت ایک پس منظر کی تحقیقات کرانے کی اجازت ہے ۔ بغیر کسی احتجاج کے ایک معمول کی درخواست منظورکرنے کے لئے تقریبا 12 ہفتے لگیں گے بشمول 45 دن اشتہاری مدت اور آخری معائنہ.

مزید معلومات کیلئے سائٹ
www.abra.dc.gov پر جائیں یا (202) 442-4423 پر کال کریں۔

ڈی سی آر اے اس سلسلہ میں آپ کی مدد کرنے کے لئے موجود ہے۔

ڈسٹرکٹ میں چلائے جانے والے تمام کاروبار کو محکمہ برائے صارفین و انضباطی معاملات (ڈپارٹمنٹ آف کنزیومر اینڈ ریگو لیٹری افیئرس/ڈی سی آراے) کی طرف سے اجازت یافتہ اور/یا رجسٹر ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ کو یہ بات معلوم ہے کہ آپ کو کس بات کی ضرورت ہے اور اس کو کہاں سے حاصل کیا جائے تو ان کے حصول کا طریقہ کار آسان ہو سکتا ہے۔ بزنس لائسینس 101 کو نئے اور موجودہ کاروبار کے مالکان کواس کے طریقہ کار کے ذریعہ اپنی سمت کے تعین میں مدد دینے کے لئےتشکیل دیا گیا ہے۔

ون-اسٹاپ صارف خدمات کے لئے دوسری منزل پر تشریف لائیں۔

دوسری منزل پر کیا ہے؟



1 ڈی سی آر اے - بزنس لائسنس سینٹر

بزنس لائسینس سینٹردفتر کا دورہ کرنے والے کارپوریٹ دستاویزات فائل کرنے، مختلف لائسینس حاصل کرنے، درخواستوں کو فائل کرنے کے خواہشمند گاہکوں کی خدمت کرتا ہے۔

2 ڈی سی آر اے - پرمٹ سینٹر

پرمِٹ سینٹرڈسٹرکٹ آف کولمبیا میں تعمیراتی، پلمبنگ، الکٹریکل اورایچ ای اے سی اجازت نامے جاری کرنے کے لئے ذمہ دار ہیں۔

3 (ڈی سی آر اے - اسمال بزنس ریسورس سینٹر (ایس بی آر سی

ڈی سی آر اے - اسمال بزنس ریسورس سینٹر (ایس بی آر سی) گاہکوں کو لائسینس کے حصول کے عمل میں انفرادی تعاون فراہم کرتا ہے۔ ڈی سی آر اے - اسمال بزنس ریسورس سینٹر (ایس بی آر سی) ڈسٹرکٹ پر مبنی چھوٹے کاروباروں اور اینٹرپرینیورس کو تربیتی، مشاورتی اور تکنیکی تعاون فراہم کرتا ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے، ایس بی آر سی ویب سائٹ کا دورہ کریں یا (202) 442-8170۔ dcbiz.ecenterdirect.com

ڈپارٹمنٹ آف کنزیومر اینڈ ریگو لیٹری افیئرز/ڈی سی آراے
(محکمہ برائے صارفین و انضباطی معاملات)

1100 فورتھ اسٹریٹ ایس ڈبلیو، واشنگٹن، ڈی سی 20024

فون: (202) 442-4400

ایمیل: dcra@dc.gov

ویب سائٹ: www.dcra.dc.gov

ٹویٹر: DCRA@

میٹرو: قریبی اسٹاپ گرین لائن پر، واٹر فرنٹ-ایس ای یو ہے

دفتری اوقات: پیر، منگل، بدھ، جمعرات اور جمعہ صبح 8.30 بجے تا شام 4.30 بجے

DEPARTMENT OF CONSUMER & REGULATORY AFFAIRS